Rampur State Gazette

نمبر ۱۲] مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۶ محرم الحرام ۱۳۵۷ھ مطابق ۱۹ مارچ ۱۹۳۸ء [جلد ۵

حصہ دوم

احکام اجلاس عالی مرتبت منسٹر صاحبان سکریٹری صاحبان بہادر

۱	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲
۲	نقل عدالت العالیہ ہائیکورٹ رامپور	۳
۳	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس۔	۴

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

ممانعت

واقع ۱۵ مارچ ۱۹۳۵ء

پیلاکھار سے بلاسپور ناک کی سڑک کے ہر دو جانب ایک ایک میل کے اندر رامپور اور جہہ باغ گوڑیا کے اطراف میں ہر قسم کا شکار کھیلنے کی آخر مارچ سنہ رواں تک کے لئے حسب ایمائے ہمایوں ممانعت کیجاتی ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدور سے بلحاظ تعطیل احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

نقشۂ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

فہرست مقدمات من ابتدائے ۱۱ر مارچ ۱۹۳۸ء لغایۃ ۱۷ر مارچ ۱۹۳۸ء بغرض اشاعت گزٹ مطبع سرکاری کو رسیلو

بوجہ تعطیلات محرم وہولی کوئی مقدمہ پیش نہیں ہوا۔

۱۷ر مارچ ۱۹۳۸ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۱ر تا ۱۷ر مارچ ۱۹۳۸ء	جمعہ لغایت پنجشنبہ	تعطیلات محرم وہولی			

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس

—※—

بحالی
واقع ۱۷؍ مارچ ۱۹۳۸ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے - منشی عبدالحفیظ سب اوورسیر کو بوجہ خرابی کام بتاریخ ۲۰؍ دسمبر ۱۹۳۷ء معطل کیا گیا تھا - اس سلسلہ میں جو الزامات محکمہ نے قیام کئے تھے، انکا تحریری جواب سب اوورسیر نے پیش کیا ہے - جس میں نامبردہ نے اپنے قصور کا اعتراف کرتے ہوئے معافی کے لئے استدعا کی ہے -
صاحب ایگزیکٹیو انجینیر تعمیرات سفارش فرماتے ہیں لہذا حسب استدعا و سفارش منشی عبدالحفیظ سب اوورسیر کو یوم معطلی سے بحال کیا جاتا ہے - اور چونکہ سب اوورسیر سے زمانہ معطلی میں بھی کام لیا گیا ہے اس لئے تنخواہ پانے کا وہ مستحق ہے - لیکن اس قصور کی پاداش میں نصف تنخواہ ایام معطلی وضع کر کے بقیہ تنخواہ دیجانا منظور ہے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر پبلک ورکس